22/08/2025

09.25 AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اعجاز ہ اختر سے خبریں سُنئے

کا بینہ

جموںو کشمیر کا بینہ کا ایک اجلاس آج وزیراعلیٰ عمر عبداللہ کی سربراہی میں سیول سیکریٹریٹ میں منعقد ہورہا ہے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق کا بینہ اجلاس میں وزیراعلیٰ عمر عبداللہ کے علاوہ نائب وزیر اعلیٰ سُریندر کمار چودھری سمیت سبھی 5کا بینہ وزراءشرکت کریں گے۔ باور کیا جاتا ہے کہ میٹنگ میں کشتواڑ اور کھٹوعہ اضلاع میں با دل پھٹنے کے سانحات زیر غور آئیں گے جبکہ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے اگلے ماہ یوٹی اسمبلی کا ایک خصوصی اجلاس طلب کرنے کی سفارش بھی کی جائے گی۔

واٹر سپورٹس

کھیلو انڈیا واٹر سپورٹس فیسٹول2025

شہرہ

---

آفاق ڈل جھیل میں جا ری ہے۔ ئ

----

سرینگر میں منعقد ہوئی جس میں کھیلوں کے مرکزی وزیر مملکت رکشا SKICC افتتاحی تقریب کل نِکھل کھڈ سے اور لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے خاص مہمانوں کی حیثیت سے شرکت کی۔ افتتاحی تقریب کے حا شیہ پر ذرائع ابلاغ سے بات کر تے ہوئے رکشا نِکھل کھڈ سے نے کہا۔

------

افتتاحی تقریب سے خطاب کر تے ہوئے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے اسے جموںو کشمیر کی کھیل کود کی تاریخ میں ایک نیا باب قرار دیا۔

------

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے تقریب مینمہمان ذی وقار کی حیثیت سے شرکت کی۔ انہوننے اپنے خطاب میں کہا کہ آبی کھیلوں اور ڈل جھیل کا رشتہ بہت پُرانا ہے۔

------

اس سپورٹس فیسٹول کی اہمیت کے تعلق سے سپورٹس اتھارٹی آف انڈیا کے میڈیا ایڈوائزر سومترا بوس نے آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کرتے ہوئے کہا۔

------

تقریب پر جمونو کشمیر کے کھیل کود کے وزیر ستیش شرما ، محکمہ کھیل کود کے کمشنر سیکریٹری سرمد حفیظ اور سیول و پولیس انتظامیہ کے دیگر اعلیٰ عہدیدار بھی موجود تھے۔ اس سے قبل کھیل کود کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ منڈاویہ نے ویڈیو پیغام کے ذریعے اس سپورٹس فیسٹول کا افتتاح کیا۔

میڈل

یہ امر قابل ذکر ہے کہ فیسٹول کے پہلے روز اُڑیشہ نے2،جموں وکشمیر نے2، اُتر پردیش نے ایک ، مدھیہ پردیش نے3اور کیرالہ نے ایک میڈل جیتا ۔ جمونو کشمیر سے تعلق رکھنے والے محسن علی نے ہزار میٹر Kayaking میں سونے کا تمغہ جیتا۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ ان 3 روزہ کھیل مقابلوں میں36 ریاستوں اور مرکزی انتظام والے علاقوں کے500 سے زیادہ کھلاڑی حصہ لے رہے ہیں۔

------

جا وید ڈار

زراعت کے وزیر جا وید احمد ڈار نے کل زینہ گیر سوپور میں شرفِ حسن قاری زیارت پر منعقدہ عرس میں حصہ لے کر وہاں پر ملک و قوم کی ترقی اور خوشحالی کےلئے دعا کی۔ اس موقعے پر انہوننے مقامی لوگوں کے ساتھ بات کر کے اُن کے مسائل سنے اور انہیں یقین دہانی کی کہ ان مسائل کے ازالے کی خاطر ضروری اقدامات کئے جائیں۔

انیل کمار

آر اینڈ بی کے پرنسپل سیکریٹری انیل کمار سنگھ نے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کی ہدایت پر کل کشتواڑ کے چسوتی علاقے میں جا ری بچاؤ اور راحت رسانی کے کام کا جائزہ لیا۔ انہوننے متاثرہ لوگوں کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہیں ضلع انتظامیہ کی طرف سے بہم رکھی جا رہی سہولیات سے متعلق جانکاری حاصل کی۔ پرنسپل سیکریٹری نے متعلقہ حکام پر زور دیا کہ وہ بچاؤ کاروائی میں تیزی لا کر متاثرہ کنبوں کو ہر ممکن سہولت دستیاب رکھیں۔

اعجاز اسد

دیہی ترقی اور پنچایت راج کے سیکریٹری محمد اعجاز اسد نے ایم جی نریگا کی عمل آوری کا جائزہ لینے کی غرض سے کل ایک میٹنگ کی صدارت کی۔ انہوننے مرکزی وزارت دیہی ترقی کی جانب سے جا ری ہدایات پر سختی سے عمل کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ کام کی عمل آوری کے دوران معیار اور شفافیت کو برقرار رکھا جانا چاہئے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 19اعشاریہ3 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت24اعشاریہ7ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ

..................................................

............................

...........